# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 22 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۲/نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ اسمبلی کے عام انتخابات کی کل ہونے والی ووٹوں کی گنتی کیلئے انتظامیہ تیار۔

☆ ریاستی ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے دسویں اور بارہویں کے امتحانات کا 11 فروری سے ہوگا آغاز۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں گیان یگیہ فاؤنڈیشن کے تیسرے پدم فیسٹیول کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ آسٹریلیا میں بارڈر۔گاوسکر ٹرافی ٹیسٹ کرکٹ سیریز کا آغاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاستی اسمبلی کے عام انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کل کی جائے گی۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ اور انتخابی شعبے نے ووٹوں کی گنتی کیلئے تمام تیاریاں مکمل کرلی ہیں۔ ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کل ایک اطلاعی کانفرنس میں اس کی جانکاری دی۔ ضلع کلکٹر سوامی نے بتایا کہ ضلعے کے نو اسمبلی حلقوں کے ووٹوں کی گنتی 208 ٹیبل پر کی جائے گی' اور ووٹ شماری کیلئے مقررہ 852 افسران و ملازمین پر مشتمل عملے کو آج تربیت دی جائے گی۔ اسی طرح گنتی مراکز پر حفاظتی انتظامات کیلئے تین ہزار سے زیادہ پولس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔

کلکٹر دلیپ سوامی نے مزید بتایا کہ ضلعے کے نو اسمبلی حلقوں میں ووٹنگ مشینوں کی گنتی کیلئے 126 ٹیبل، پوسٹل بیلٹ کی گنتی کیلئے 70 ٹیبل اور اے ٹی بی پی ایس کی گنتی کیلئے 12 ٹیبل لگائے جائیں گے اور ان ٹیبلوں پر ووٹ گننے کیلئے 852 افسران و ملازمین کا عملہ تیار کیا گیا ہے' جبکہ 242 مائیکرو آبزرورس رکھے گئے ہیں۔ اس طرح ووٹوں کی گنتی کا عمل مکمل کرنے کیلئے مجموعی طور پر 5778 افسران و ملازمین کو تیار کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع انتظامیہ نے بھی ووٹوں کی گنتی کی تیاریاں مکمل کرلی ہیں۔ ضلعے کے چاروں اسمبلی حلقوں کے تحت پربھنی میں وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی، جنتور میں سرکاری صنعتی تربیتی ادارہ، گنگا کھیڑ میں سنت جنابائی کالج اور پاتھری میں سرکاری صنعتی تربیتی ادارہ میں ووٹوں کی گنتی کی جائے گی۔ ضلع الیکشن افسر اور ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے گنتی مراکز کے علاقے میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے دفعہ 163 نافذ کیا ہے۔ یہ احکامات کل صبح چھ بجے سے گنتی کا عمل ختم ہونے تک نافذ العمل رہنے کی وضاحت متعلقہ حکم نامے میں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں ووٹوں کی گنتی کے عملے کا رینڈ مائزیشن کل مکمل کیا گیا۔ اس موقعے پر تمام چھ اسمبلی حلقوں کے اہم سیاسی جماعتوں کے نمائندے اور امیدوار موجود تھے۔

***** ***** *****

دریں اثنا' اسمبلی انتخابات کیلئے رائے دہی کا حتمی فیصد انتظامیہ کی جانب سے کل جاری کیا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلعے میں، اوسطاً 69 اعشاریہ 64 فیصد رائے دہی کا اندراج کیا گیا۔ سب سے زیادہ 80 فیصد رائے دہی ضلعے کے سلوڑ اسمبلی حلقے میں ہوئی' پیٹھن حلقے میں 77 اعشاریہ 53 فیصد، ویجاپور میں تقریباً 76 فیصد، گنگاپور 74 فیصد، پھلمبری 72 فیصد، کنڑ 69 فیصد' جبکہ اورنگ آباد وسطی، مشرقی اور مغربی اسمبلی حلقوں میں تقریباً 60 فیصد رائے دہی ہونے کا اندراج کیا گیا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے میں 72 اعشاریہ 67 فیصد رائے دہی کا اندراج ہوا اور بھوکردن اسمبلی حلقے میں سب سے زیادہ 77 اعشاریہ 36 فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ اسی طرح گھن ساونگی حلقے میں 77 اعشاریہ 16 فیصد، بدنا پور حلقے میں 74 اعشاریہ 72، پرتور 70 اعشاریہ 72 جبکہ جالنہ اسمبلی حلقے میں 64 اعشاریہ 39 فیصد رائے دہی درج کی گئی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے چار اسمبلی حلقوں میں مجموعی طور پر 65 اعشاریہ 58 فیصد رائے دہی کا اندراج کیا گیا اور پرانڈا اسمبلی حلقے میں سب سے زیادہ تقریباً 70 فیصد رائے دہی کی گئی' جبکہ عمرگہ حلقے میں سب سے کم تقریباً 62 فیصد رائے دہی ہوئی۔ تلجاپور حلقے میں تقریباً 67 فیصد اور عثمان آباد حلقے میں 63 اعشاریہ 73 فیصد رائے دہی کا اندراج کیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے نو اسمبلی حلقوں میں مجموعی طور پر 69 اعشاریہ 45 فیصد رائے دہی درج کی گئی' جس میں سب سے زیادہ 76 اعشاریہ 33 فیصد ووٹنگ بھوکر میں درج کی گئی' جبکہ نائیگاؤں 74 فیصد، مکھیڑ۔ 70 اعشاریہ 14 فیصد، کنوٹ۔ تقریباً 72 فیصد، حدگاؤں۔ 71 اعشاریہ 77 فیصد، شمالی ناندیڑ حلقے میں 60 فیصد، ناندیڑ جنوبی حلقے میں 64 فیصد، لوہا حلقے میں 75 فیصد اور دیگلور حلقے میں 63 اعشاریہ 22 فیصد رائے دہی ہوئی۔ جبکہ ناندیڑ لوک سبھا کے ضمنی انتخاب میں بھی 67 اعشاریہ 61 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں**

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں مجموعی طور پر 68 اعشاریہ 88 فیصد پولنگ کا اندراج کیا گیا۔ جس میں گیورائی حلقے میں 72 اعشاریہ 72 فیصد، ماجل گاؤں 67 اعشاریہ 24، بیڑ حلقے میں 62 اعشاریہ 18، آشٹی میں تقریباً 73 فیصد، کیج 63 اعشاریہ 48 اور پرلی حلقے میں 75 اعشاریہ 27 فیصد رائے دہی کا اندراج ہوا۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات میں رائے دہی فیصد بڑھانے کی غرض سے چھترپتی سمبھا جی نگر کے ایک نوجوان سمیت پنڈت نے رائے دہی کے دن انگلیوں پر رائے دہی کی سیاہی لگانے والے شہریوں کی مفت حجامت بنائی۔ سُمیت پنڈت نے آکاشوانی کو بتایا کہ انہوں نے اپنے مانوسکی ہیئر سیلون میں بہت سے ووٹروں کو مفت بال تراشنے کی خدمات فراہم کیں، جبکہ رائے دہی کرنے والی خواتین کا شال اور ناریل دیکر اعزاز کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ نے بارہویں اور دسویں جماعت کے امتحانات کا حتمی نظام الاوقات جاری کر دیا ہے۔ اس کے مطابق بارہویں جماعت کے تحریری امتحان آئندہ سال 11 فروری سے 18 مارچ کے درمیان' جبکہ دسویں جماعت کے امتحانات 11 فروری سے 17 مارچ کے درمیان منعقد ہوں گے۔ اس سے قبل بارہویں جماعت کا پریکٹیکل، زبانی امتحان 24 جنوری سے 10 فروری تک لیا جائے گا، جبکہ دسویں جماعت کا پریکٹیکل، اور زبانی امتحان 3 فروری سے 20 فروری کے درمیان لیا جائے گا۔

اسی طرح مرکزی ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ۔ سی بی ایس ای کے دسویں اور بارہویں کے امتحانات 15 فروری سے شروع ہوں گے۔ دسویں جماعت کے امتحانات 18 مارچ تک اور بارہویں جماعت کے امتحانات 4 اپریل تک جاری رہیں گے۔ اس سال سی بی ایس ای نے پہلی بار امتحان سے 86 دن پہلے امتحانی نظام الاوقات جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

آثارِ قدیمہ اور فنِ تعمیر کے ماہر پدم شری کے کے محمد نے خیال ظاہر کیا کہ بھارت میں عالمی ثقافتی ورثے اور تاریخی مقامات کے تحفظ اور ان مقامات کی مناسب تشہیر کا فقدان ہے اور مرکزی حکومت کو اس پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ گیان یگیہ فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام تیسرا پدم فیسٹیول کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں شروع ہوا۔ اس فیسٹیول کے دوسرے سیشن میں کے کے محمد نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس دوران پدم بھوشن رام نائیک' ہندی کرکٹ مبصر سشیل دوشی' اور پدم وِبھوشن پنڈت ہری پرساد چورسیا کے کل انٹرویو لیے گئے۔ پنڈت چورسیا نے اپنی آخری سانس تک بانسری بجانے کا عزم ظاہر کیا۔ کل 23 نومبر تک یہ فیسٹیول جاری رہے گا۔

***** ***** *****

بھارت اور آسٹریلیا کے مابین پانچ ٹیسٹ مقابلوں کی بارڈر۔ گاوسکر ٹسٹ کرکٹ سیریز کا پہلا مقابلہ آج سے پرتھ میں کھیلا جا رہا ہے۔ اس مقابلے میں روہت شرما کی جگہ جسپریت بمراہ بھارتی ٹیم کی قیادت کر رہے ہیں۔ بلّے باز شبھمن گِل اَن فٹ ہونے کے سبب پہلا مقابلہ نہیں کھیلیں گے۔

سیریز کا دوسرا ٹسٹ چھ دسمبر سے' تیسرا 14 دسمبر سے' چوتھا ٹسٹ 26 دسمبر جبکہ پانچواں اور آخری ٹسٹ تین جنوری سے کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

شام راؤ بودھنکر میموریَل ایوارڈس کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں تقسیم کیے گئے۔ مجاہدِ آزادی شام راؤ بودھنکر میموریَل ایوارڈ پدم شری ڈاکٹر رویندر کولھے، جبکہ اندرائنی مدھوکر بودھنکر میموریَل ایوارڈ سماجی کارکن اسمیتا کولھے کو تفویض کیا گیا۔ کولھے جوڑا ویراگڑھ کے دور دراز والے علاقے میں گذشتہ 34 سالوں سے طبّی خدمات انجام دے رہا ہے

***** ***** *****

دھاراشیو شہر کے گورنمنٹ لیبر دفتر کے ایک شاپ انسپکٹر و یک ہیڈاؤ کو دھاراشیو کی ضلع اور سیشن عدالت نے تین سال کی قید کی سزا سنائی ہے۔ 2012 میں ہیڈاؤ نے راج آفسیٹ اور اسٹیشنری سپلائرس دکان کے لائسنس کی تجدید کیلئے دُکان مالک سے 200 روپئوں کی رشوت طلب کی تھی۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ اسمبلی کے عام انتخابات کی کل ہونے والی ووٹوں کی گنتی کیلئے انتظامیہ تیار۔
- ☆ ریاستی ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے دسویں اور بارہویں کے امتحانات کا 11 فروری سے ہوگا آغاز۔
- ☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میں گیان یگیہ فاؤنڈیشن کے تیسرے پدم فیسٹیول کا آغاز۔
- اور۔۔۔☆ آسٹریلیا میں بارڈر۔گاوسکر ٹرافی ٹیسٹ کرکٹ سیریز کا آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****